**03.04.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ بیگم

**Music**

..............................................................................

☆ بھارت اور تھائی لینڈ نے IT ، بحری اور MSME سمیت کئی شعبوں میں چھ سمجھوتوں پر دستخط کیے ہیں۔ وزیراعظم نریندر مودی نے تھائی لینڈ کے اپنے ہم منصب Paetongarn Shinawatra کے ساتھ باہمی بات چیت کی ہے۔

☆ راجیہ سبھا میں وقف ترمیمی بل 2025 پر بحث جاری ہے۔

☆ لوک سبھا نے بھارتی ساحلی سمندر میں تجارت سے متعلق جہازوں کو منضبط کرنے کے لیے ساحلی جہازرانی بل 2024 پاس کر دیا ہے۔

☆ سپریم کورٹ نے بے ضابطگیوں اور بدعنوانی کا حوالہ دیتے ہوئے 25ہزار سے زیادہ اساتذہ کی بحالی کو کالعدم قرار دینے کے کلکتہ ہائی کورٹ کے فیصلے کو صحیح قرار دیا ہے۔

☆ اور، مکے بازی کے عالمی کپ میں، تین بھارتی مکے باز سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ ملک کے لیے مزید تین تمغے یقینی ہو گئے ہیں۔

..............................................................................

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے

**PM THAILAND VISIT**

آج بھارت اور تھائی لینڈ نے اطلاعاتی ٹکنالوجی، بحریہ، MSME ، دستکاری اور ہینڈلوم سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے چھ معاہدوں پر دستخط کیے۔ آج دوپہر بینکاک میں وزیراعظم نریندر مودی اور تھائی لینڈ کے ان کے ہم منصب Paetongtarn Shinawatra کے درمیان دو طرفہ بات چیت کے بعد ان معاہدوں کی باہمی تبادلہ ہوا۔

طرفین نے دوطرفہ تعلقات کے سبھی پہلوؤں مین پیش رفت کا جائزہ لیا۔ اور دونوں ملکوں کے دوطرفہ شراکتد اری کو مزید اختیار دینے کے طریقوں پر تبادلہٗ خیال کیا اور علاقائی و کثیر رخی معاملات پر نظریات کا تبادلہ کیا۔ دو طرفہ بات چیت کے بعد ایک مشترکہ بیان دیتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ بھارت کی مشرق نواز پالیسی اور بھارت بحرالکاہل نظریے کے تعلق سے تھائی لینڈ ایک خصوصی اہمیت کا حامل ہے۔

S/B- 2100 PM Modi Act East Policy

وزیراعظم نے زور دیا کہ بھارت، بھارت آسیان اتحاد اور آسیان کی مرکزیت کی پوری حمایت کرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت اور تھائی لینڈ اس بات کی حمایت کرتے ہیں کہ بھارت بحرالکاہل آزاد، کھلا اور شمولیت والا ہے۔

S/B - 2100 PM - Indo Pacific

جناب مودی کل سے شروع ہونے والی چھٹی BIMSTEC سمٹ میں شرکت کے لیے تھائی لینڈ کے دورے پر ہیں۔ چھٹی BIMSTEC سمٹ کا موضوع ہے خوشحال، مضبوط اور کھلا BIMSTEC۔ سمٹ میں بینکاک ویژن 2030 کو منظور کیا جائے گا۔ اور BIMSTEC کی مستقبل کی سمت کا تعین کرنے کے لیے بمسٹیک نمایاں شخصیات کے گروپ کی رپورٹ کی توثیق کی جائے گی۔×

## PM THANKS THAI GIFT

وزیراعظم نریندر مودی نے پالی زبان میں Tipitaka کی ایک کاپی تحفہ دیئے جانے پر تھائی لینڈ کے اپنے ہم منصب Paetongtam Shinawatra کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے اپنے لیے اِسے ایک خصوصی اشارہ قرار دیا۔ سوشل میڈیا کے ایک پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ پالی حقیقت میں ایک خوبصورت زبان ہے، جس میں بھگوان بدھ کی تعلیمات کی روح پیوست ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارتی سرکار نے پچھلے سال پالی زبان کو کلاسیکی زبان کا درجہ فراہم کیا ہے۔ دنیا بھر کے لوگوں نے اِس فیصلے کی ستائش کی۔×

## REV. RS WAQF

راجیہ سبھا میں وقف ترمیمی بل 2025 پر بحث جاری ہے۔ وقف ترمیمی بل 2025 کا مقصد وراثتی مقامات کا تحفظ اور سماجی بہبود کے لئے وقف املاک کے انتظامات کو منضبط کرنا ہے۔ اس بل کا مقصد املاک کے انتظامات کے عمل میں شفافیت میں اضافہ کرنے، وقف بورڈ اور مقامی اتھارٹیز کے درمیان باہمی تعاون کو منضبط کرنے اور متعلقہ فریقوں کے حقوق کا تحفظ کرتے ہوئے حکمرانی کو بہتر بنانا ہے۔ بل کا مقصد مسلم خواتین بالخصوص بیواؤں اور طلاق شدہ

خواتین کی سماجی و اقتصادی حیثیت کو بہتر بنانا ہے۔ بل کا مقصد وقف بورڈ میں مختلف مسلم فرقوں کی نمائندگی کے ساتھ بورڈ کو مزید شمولیت والا بنانا ہے تاکہ وقف کی حکمرانی اور فیصلہ سازی کا عمل مزید بہتر ہوسکے۔

ایوان میں بل پیش کرتے ہوئے اقلیتی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا کہ متعلقہ فریقوں اور مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کے ساتھ تفصیلی مشاورتی عمل کے بعد یہ بل پیش کیا گیا ہے۔

انہوں نے کہا کہ وقف کے فوائد صرف مسلمانوں کو ملیں گے اور انہوں نے اپوزیشن کے ان الزامات کی تردید کی ہے کہ وقف کی جائیداد کے انتظامات میں کوئی غیر مسلم ممبر مداخلت کرے گا۔

بحث میں حصہ لیتے ہوئے کانگریس کے ڈاکٹر سید نصیر حسین نے کہا کہ یہ بل گمراہ کن ہے اور یہ فرقہ وارانہ تقسیم کے ارادے سے لایا گیا ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ بی جے پی سماج کو بانٹنے کی کوشش کررہی ہے۔

انہوں نے کہا کہ بی جے پی کی حکومت کے دوران ووقف کونسل کیلئے بجٹ مختص نہیں کیا گیا تھا اور کونسل کے ملازمین کو تنخواہ کی ادائیگی بھی نہیں کی گئی تھی۔

ڈاکٹر حسین کی بات کاٹتے ہوئے مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا کہ اپوزیشن لوگوں کو گمراہ کرنے کی کوشش کررہی ہے۔ بحث میں حصہ لیتے ہوئے مرکزی وزیر اور ایوان کے لیڈر جے پی نڈا نے امید ظاہر کی کہ ایوان یونیفائڈ وقف مینجمنٹ، امپاورمنٹ، ایفیشینسی اور ڈیولپمنٹ یعنی امید کی حمایت کرے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ بل کا بنیادی مقصد اصلاحات کرنا اور وقف املاک کا مناسب انتظام کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹیوں کو ووٹ بینک کی سیاست سے اوپر اٹھنا چاہئے اور قومی مفاد کے لئے کام کرنا چاہئے۔

JD (S) کے سربراہ ایچ ڈی دیوگوڑا نے بل پیش کرنے کے لئے مودی حکومت کو مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ امیر اور طاقتور لوگوں کے ذریعے وقف املاک کا غلط استعمال کیاجاتا رہا ہے۔ شیو سینا (UBT) کے سنجے راوت نے الزام لگایا کہ یہ بل ملک کے حق میں نہیں ہے۔

سماجوادی پارٹی کے ڈاکٹر رام گوپال یادو نے دعویٰ کیا کہ ملک جمہوریت کے بجائے ایک مطلق العنان ملک کی طرف بڑھ رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ سب کیلئے قابل تشویش بات ہے۔

انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ وہ سبھی سماجی برادریوں کی بہبود کے لئے کام کرے۔کانگریس کے ابھیشیک منو سنگھوی اور NCP کے پرفل پٹیل بھی بحث میں حصہ لینے والے ارکان میں شامل تھے۔ بحث جاری ہے۔

لوک سبھا نے کل رات اس بل کو منظوری دے دی۔x

## LS Coastal Shipping Bill

لوک سبھا نے ساحلی جہازرانی بل 2024 پاس کر دیا ہے۔ اِس بل میں بھارتی ساحلی سمندر کے اندر تجارت

سے متعلق پانی کے جہازوں کو منضبط کرنے کی بات کہی گئی ہے۔ بل کا مقصد ساحلی جہاز رانی کو منضبط کرنے سے متعلق قانون میں ترمیم کرنا، اِسے بہتر کرنا، ساحلی تجارت کو فروغ دینا اور اِس میں گھریلو شراکتداری کر بڑھانا ہے۔ یہ بل اس بات کو یقینی بنائے گا کہ بھارت کے پاس ایک ساحلی بیڑا ہے جو اپنی قومی سکیورٹی اور تجارتی ضرورتوں کے لیے ملک کے شہریوں کے مالکانہ حق کے ساتھ چلائے جا رہے ہیں۔

بل پر ایک بحث کا جواب دیتے ہوئے بندرگاہوں، جہازرانی اور آبی گزرگاہوں کے مرکزی وزیر سربانند سونووال نے کہا کہ وزیراعظم ہمیشہ یہ کہتے ہیں کہ نقل وحمل کے بغیر یکسر تبدیلی نہیں لائی جاسکتی۔

جناب سونووال نے کہا کہ پچھلے دس برسوں میں پانی کے جہازوں کے بندوبست کی صلاحیت 103 فیصد کے اضافے کے ساتھ ایک ہزار 630 ملین میٹرک ٹن ہو گئی ہے، جو کہ 2014 میں آٹھ سو ملین میٹرک ٹن تھی۔ انہوں نے مزید کہا کہ بندرگاہوں کی کارکردگی کی درجہ بندی میں بھارت کے بندرگاہ کی درجہ بندی میں بہتری ہوکر 38 ویں مقام پر آگیا ہے، جو کہ 2014 میں 54ویں مقام پر تھا۔ ×

## CR Patil Water Resources Portal

جل شکتی کے مرکزی وزیر CR Patil نے آج نئی دلی میں واقع شرم شکتی بھون میں آبی ذرائع کے Census کے اپلی کیشن اور پورٹل کا آغاز کیا۔ جل شکتی کی وزارت نے کہا ہے کہ آبی ذرائع کے Census کا اہم مقصد کاشتکاری کے شعبے میں ایک جامع اور مستند اعداد و شمار تیار کرنا ہے۔×

## MHA Gorkha Community

انسانی حقوق کے قومی کمیشن (NHRC)نے آسام کے ڈائرکٹر جنرل آف پولیس کو نوٹس جاری کیا ہے۔ گوہاٹی میں ایک بینک میں مبینہ مالی بے ضابطگیوں کے خلاف ایک احتجاج کی Coverage کرنے والے صحافی کی مبینہ طور پر گرفتاری کے واقعہ کے سلسلے میں یہ نوٹس جاری کیا گیا ہے۔ کمیشن نے چار ہفتے کے اندر ایک تفصیلی رپورٹ طلب کی ہے۔

## Goyal Startup Mahakumbh

کامرس اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے آج مقامی سرمایہ کاروں سے کہا ہے کہ وہ ملک کے اسٹارٹ اپ منظر نامے میں شامل ہوں۔ نئی دلی کے بھارت منڈپم میں اسٹارٹ اپ مہاکنبھ کے دوسرے ایڈیشن کا افتتاح کرتے ہوئے جناب گوئل نے امید ظاہر کی کہ بھارت اِس مالی سال کے اختتام تک دنیا کی چوتھی بڑی معیشت بن جائے گا۔

انہوں نے مزید کہا کہ ملک 2027 تک عالمی پیمانے پر تیسرا بڑا GDP بننا چاہتا ہے۔ وزیر موصوف نے بھارتی اسٹارٹ اپس کو مشورہ دیا کہ وہ دنیا میں سب سے بڑا اسٹارٹ اپ ایکو سسٹم بننے کے لیے مقابلوں سے نہ گھبرائیں۔×

**Rajnath Army conference**

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے موجودہ جغرافیائی اسٹریٹیجک غیر یقینی حالات کو اجاگر کرتے ہوئے طویل مدتی اور قلیل مدتی چیلنجوں سے نمٹنے کے لئے مسلح افواج کی تیاری کی ضرورت پر زور دیا۔ جناب سنگھ نے آرمی کمانڈرز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے یہ بیان دیا۔ نئی دلی میں جاری سال میں دو بار منعقد ہونے والی یہ تقریب کل اختتام پذیر ہوگی۔ جناب سنگھ نے ہائبرڈ جنگ سمیت غیر مروجہ اور غیر مناسب جنگی حربوں کو اجاگر کیا جو مستقبل کی جنگوں کا حصہ ہوں گے۔ انہوں نے مزید زور دے کر کہا کہ سائبر، اطلاعات، مواصلات، تجارت اور مالی معاملات مستقبل کے تنازعوں کا لازمی حصہ بن چکے ہیں۔ جناب سنگھ نے کہا کہ اس تناظر میں مسلح افواج کے لئے یہ ضروری ہوگیا ہے کہ وہ منصوبہ سازی اور حکمت عملی وضع کرتے وقت ان پہلوؤں پر غور کریں۔

شمالی سرحدوں سے متصل موجودہ صورتحال کے بارے میں جناب سنگھ نے فوجوں میں پورے اعتماد کا اظہار کیا اور ثابت قدمی اور چوکنا رہنے کے لئے مسلح افواج کی ستائش کی۔x

**SC WB Teacherzs**

سپریم کورٹ نے آج کلکتہ ہائی کورٹ کے اُس فیصلے کو صحیح قرار دیا ہے جس میں مغربی بنگال کے اسکولوں میں 25 ہزار سے زیادہ اساتذہ اور دوسرے اسٹاف کی بحالی کو کالعدم قرار دیا تھا۔ عدالت عالیہ نے کہا ہے کہ انتخاب کا پورا عمل سازباز اور دھوکہ دہی کی وجہ سے ناقص ہوگیا اور اِس کی معتبریت اور جواز ختم ہوگئی۔

بھارت کے چیف جسٹس سنجیو کھنا اور جسٹس سنجے کمار پر مشتمل ایک بنچ نے کہا کہ تین مہینے کے اندر مغربی بنگال کے اسکولوں میں پھر سے بحالی کا عمل شروع کیا جانا چاہیے۔ اس عمل میں بے داغ امیدوار کے لیے رعایت کی گنجائش بھی ہوسکتی ہے۔ عدالت نے انسانی بنیاد پر معذور ملازمین کے لیے بھی یہ کہتے ہوئے رعایت دی ہے کہ وہ ملازمت میں رہیں گے۔

بحالی کے اِس عمل میں CBI کی تفتیش کے لیے کلکتہ ہائی کورٹ کے حکم کو چیلنج کرنے والی درخواست پر سماعت کل ہوگی۔ ×

**Chhattisgarh Bastar Pandum**

چھتیس گڑھ میں، بستر Pandum کے تحت ڈویژن سطح کا پروگرام آج سے دانتے واڑہ میں شروع ہو گیا ہے۔ چھتیس گڑھ کے نائب وزیراعلیٰ اور وزیر داخلہ وجے شرما نے اِس کا افتتاح کیا۔ اِس کی اختتامی تقریب پانچ اپریل کو ہوگی جس میں مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ شرکت کریں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C - Vikalp Shukla

چھتیس گڑھ کا بستر علاقہ اپنی بہترین قبائلی ثقافت، روایت، رسم و رواج اور مختلف قسم کے قبائلی پکوان کے لیے جانا جاتا ہے۔ بستر Pandum یعنی بستر فیسٹیول کا انعقاد، اِس مالا مال قبائلی فن اور ثقافت کو بحال کرنے اور اِسے ملک اور بیرون ملک کے سامنے پیش کرنے کے لیے کیا گیا ہے۔ اس تین روزہ پروگرام کے تحت قبائلی رقص، لوک گیت، قبائلی ڈراما، موسیقی کے آلات، پوشاک، زیورات، دستکاری اور پکوان سمیت سات زمروں میں مسابقے کرائے جائیں گے۔ پچھلے سال چھتیس گڑھ سرکار نے بستر اولمپکس کا انعقاد کیا تھا جس میں ہزاروں نوجوانوں نے شرکت کی تھی اور اب بستر Pandum کا انعقاد اِس بات کا ثبوت ہے کہ یہ علاقہ نکسلی دہشت گردی سے آزاد ہوکر ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔

رائے پور سے وکلپ شکلا کی رپورٹ اردو خبروں کے لیے میں ........................

**NHRC-Notice**

انسانی حقوق کے قومی کمیشن (NHRC)نے آسام کے ڈائرکٹر جنرل آف پولیس کو نوٹس جاری کیا ہے۔ گوہاٹی میں ایک بینک میں مبینہ مالی بے ضابطگیوں کے خلاف ایک احتجاج کی Coverage کرنے والے صحافی کی مبینہ طور پر گرفتاری کے واقعہ کے سلسلے میں یہ نوٹس جاری کیا گیا ہے۔ کمیشن نے چار ہفتے کے اندر ایک تفصیلی رپورٹ طلب کی ہے۔

**Pakistan Crackdown**

پاکستان حکومت نے افغانستان کے شہریوں کے رضاکارانہ طور پر وطن واپس جانے کی آخری تاریخ گزرنے کے بعد ملک گیر سطح پر کارروائی شروع کردی ہے۔ حکام نے افغان سٹیزن کارڈ (ACC) رکھنے والوں سمیت غیر قانونی طور پر پاکستان میں موجود سیکڑوں غیر ملکیوں کو گرفتار کرلیا ہے اور افغانستان واپسی کے لئے انہیں کیمپوں میں منتقل کردیا ہے۔ نفاذ سے متعلق ایجنسیوں نے ان افراد اور ان کے کنبہ سمیت پاکستان سے ان کے انخلا کے لئے کارروائی شروع

کردی ہے۔ اس دوران افغان طالبان حکومت نے پاکستان سے درخواست کی ہے کہ وطن واپسی کے عمل میں تاخیر برتے۔x

## India US Reciprocal Tariffs

بھارت، امریکہ کی جانب سے نافذ کئے جانے والے باہمی محصولات کے مضمرات کا بغور جائزہ لے رہا ہے۔ تجارت اور صنعت کی وزارت نے ایک بیان میں آج کہا ہے کہ وہ بھارتی صنعتوں اور برآمدکاروں سمیت تمام شراکت داروں کے ساتھ بات چیت کررہی ہے اور ٹیرفس سے متعلق ان کے تجزیہ پر ردعمل اور حالات کا بھی جائزہ لے رہی ہے۔ وزارت امریکی تجارتی پالیسی میں ہوئی اس نئی پیشرفت سے پیدا ہونے والے نئے مواقع کا بھی مطالعہ کررہی ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے تمام تجارتی شراکت داروں سے ہونے والی درآمدات پر 10 فیصد سے لے کر 50 فیصد تک اضافی Ad-valorem ڈیوٹیز عائد کرتے ہوئے باہمی محصولات پر ایک Executive order جاری کیا ہے۔

10 فیصد کی بیس لائن ڈیوٹی 5 اپریل سے نافذ ہوگی اور بقیہ ملک کے لئے مخصوص اضافی Ad - valorem ڈیوٹی9 اپریل سے لاگو ہوگی۔ آرڈر کے مطابق ہندوستان پر اضافی ڈیوٹی 27 فیصد ہے۔x

## Boxing World Cup

مکے بازی کے عالمی کپ میں منیش راٹھور، ہتیش اور ابھیناش جموال اپنے اپنے زمروں کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ اِس سے بھارت کے لیے مزید تین تمغے یقینی ہو گئے ہیں۔ جموال نے 65 کلوگرام زمرے میں جرمنی کے Dennis Brill کو شکست دی۔ ہتیش نے 70 کلوگرام زمرے میں اٹلی کے Gabriele Guidi Rontani کو ہرایا۔ منیش نے 55 کلوگرام زمرے میں آسٹریلیا کے یوسف Chotia کو شکست دی۔

سیمی فائنل میں راٹھور کا مقابلہ قزاخستان کے نور سلطان Altynbek سے، ہتیش کا مقابلہ فرانس کےMakan Traore سے ہوگا جبکہ جموال اٹلی کے Gianluigi Malanga کے ساتھ مقابلہ کریں گے۔x

☆☆☆☆☆